Made for minds.

ڈی ڈبلیو کے ساتھ جرمن زبان سیکھیے

ڈوئچے ویلے (DW)کے مفت آن لائن کورسز کے ذریعے جرمن زبان اور ثقافت کو جانیے۔

DW گزشتہ 60 سالوں سے جرمن زبان کے جدید اور مختلف قسم کے کورسز فراہم کر رہا ہے۔ نو آموز افراد کے لیے دو زبانی کورسز موزوں ترین ہیں۔ وہ لوگ، جو سیکھنے کے بعد کے مراحل میں ہیں، وہ اپنی صلاحیت کو خصوصی پروگراموں جیسے کہ اصلی ٹیلی ناویلا کے ذریعے پروان چڑھا سکتے ہیں۔ چاہے آپ کی ترجیح تحریری مواد پڑھنا ہو یا آڈیو کلپس یا ویڈیوز دیکھنا، یہاں ہر قسم کے طالب علم کے لیے کچھ نہ کچھ دستیاب ہے۔ ان لوگوں کے لیے، جو ان کورسز کو آف لائن سیکھنا چاہتے ہیں، ان کورسز کا مواد ڈاؤن لوڈ بھی کیا جا سکتا ہے۔

dw.com/learngerman/urdu

Audiotrainer
ذخیرہ ٔ الفاظ سیکھنے کے لیے 100 اسباق

A1 A2 B1 B2 C1 C2

زبانیں
چینی، انگریزی، فرانسیسی، پرتگیزی، روسی اور ہسپانوی

مواد
ورک شیٹس اور ورک بک یعنی مشقی کتاب (جو www.book2.de سے خریدی جا سکتی ہیں)

آپ Audiotrainer سے ذخیرہ ٔ الفاظ سیکھ سکتے ہیں، جس سے آپ کو بنیادی چیزوں کو سمجھنے اور تلفظ کو عملی طور پر بہتر بنانے میں مدد ملے گی۔ یہاں موجود 100 اسباق آپ کو سوالات پوچھنے کا طریقہ سکھانے اور جرمنی کی روز مرہ کی زندگی میں پراعتماد بنانے میں معاون ثابت ہوں گے۔ تمام زبانوں کے کورسز کو آن لائن استعمال کیا جا سکتا ہے یا ایک MP3 فائل کی صورت میں ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے یا آپ ان تمام اسباق کو podcast کی صورت میں حاصل کرنے کے لیے رکنیت حاصل کر سکتے ہیں۔ Audiotrainer آپ کو زبان سیکھنے کے عمل میں اپنی مرضی کے مطابق آگے بڑھنے کا موقع دیتا ہے۔

dw.com/learngerman/urdu/audiotrainer

Deutsch – warum nicht?
معیاری زبان کا آڈیو کورس

A1 A2 B1 B2 C1 C2

زبانیں
جرمن، انگریزی اور 26 دیگر زبانیں

مواد
اسباق کے مسودے اور مشقی کتاب پرنٹ کرنے کے لیے

Deutsch – warum nicht? کی چار سیریز میں آندریاز کی کہانی بیان کی گئی ہے، جو ایک طالب علم ہے اور ایک ہوٹل میں استقبالیے پر کام کرتا ہے۔
ہر سیریز میں 26 ایسے اسباق ہیں جن کو ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے جن میں گفتگو، قواعد کی وضاحت، مشقیں اور آڈیو فائلز شامل ہیں۔ یہ کورس دو زبانی ہیں، اس لیے آپ بغیر مشکل کے اُس زبان میں جرمن سیکھ سکتے ہیں، جو آپ کو اچھی طرح سے آتی ہے۔ یہ کورس 28 مختلف زبانوں میں دستیاب ہیں۔

dw.com/learngerman/urdu/warumnicht

Deutsch Interaktiv
خود سے سیکھنے کے لیے ایک آن لائن کورس

C2 C1 B2 B1 A2 A1

زبانیں
جرمن، انگریزی، روسی

مواد
متعامل (interactive) مشقیں، ذخیرہ ٔ الفاظ، قواعد سے متعلق ہدایات، ورک شیٹس اور مطالعے سے متعلق مفید مشورے

Deutsch Interaktiv میں سیکھنے کے عمل کو دلچسپ بنانے کے لیے متعدد مشقیں، آڈیو فائلز، ویڈیوز اور بہت ساری تصاویر موجود ہیں۔ قواعد کے مجموعی جائزے اور 7,000 سے زیادہ الفاظ اور اُن کے تلفظ کے بارے میں مفید معلومات والی لغت سیکھنے کے عمل کو اور بھی آسان بناتی ہیں۔ سیکھنے کے لیے اپنا انفرادی پروفائل بنائیں اور مفت سائن اپ کریں۔ یہ پروگرام آپ کے نتائج کو محفوظ رکھتا ہے اور کورس کے دوران آپ کی رہنمائی کرتا ہے۔ اس طرح آپ اپنی ضروریات کے مطابق اپنے وقت کو بہترین طریقے سے استعمال کر سکتے ہیں۔

dw.com/learngerman/deutschinteraktiv

Jojo sucht das Glück
جرمن زبان سیکھنے کے لیے ایک ٹیلی ناویلا

C2 C1 B2 B1 A2 A1

زبانیں
جرمن

مواد
متعامل مشقیں، ذخیرہ ٔ الفاظ کی صورت میں مدد کے حامل مسودے، اساتذہ کے لیے ورک شیٹس اور اسباق سے متعلق مفید مشورے، وال پیپرز اور رنگ ٹونز

Jojo sucht das Glück کے ساتھ ایک بالکل ہی مختلف تناظر میں جرمن زبان سیکھیں۔ تین سیزن، جو مشتمل ہیں 33 دلچسپ قسطوں پر، اپنی متعامل مشقوں کے ساتھ آپ کی جرمن زبان کی صلاحیت کو آسان اور دلچسپ انداز میں پروان چڑھانے میں آپ کے معاون ثابت ہوں گے۔ بھلا کس نے یہ سوچا ہو گا کہ جرمن زبان محبت کی زبان بھی ہو سکتی ہے؟
آئیے برازیل سے آنے والی Jojo کی اپنے نئے آبائی شہر کولون میں خوشیوں، زندگی اور محبت کے لیے اُس کی تلاش میں اُس کے ساتھ شامل ہوں!

dw.com/jojo

Available on the App Store

ANDROID APP ON Google play

Deutsche Welle | DW Akademie
Bildungsprogramme
53110 Bonn | Germany

bildung@dw.com
© Deutsche Welle 2015

dw.com/deutschlernen